محترمی پبلک ہاؤسنگ کے مکینوں،

ہم آپ کو ان اقدامات سے متعلق مطلع کرنا چاہتے ہیں جو نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) نے ان مالی دشواریوں میں تخفیف کے لیے اٹھائے ہیں جو کہ پبلک ہاؤسنگ کے مکین کورونا وائرس (COVID-19) کی وجہ سے نیو یارک سٹی میں ہنگامی حالت کے دوران سامنا کر سکتے ہیں:

جب تک سٹی کو ہنگامی حالت کا سامنا ہے، **NYCHA رہائش گاہوں کو خالی نہیں کرائے گی۔**

NYCHA ایسے گھرانوں کی کرایہ کی دشواری سے متعلق ہمارے پروگرام سے فائدہ اٹھانے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے جنہیں آمدنی کے نقصان کا سامنا ہے۔ اگر مندرجہ ذیل تمام شرائط پوری ہوتی ہوں تو آپ کرایے میں کسی تخفیف کے لیے اہل ہو سکتے ہیں:

- مجموعی آمدنی میں کم از کم 5% کی کمی آئی ہو؛
- موجودہ کرایہ گھرانے کی خالص آمدنی سے 30% زائد ہو؛ اور
- آمدنی میں کمی کم از کم دو مہینوں تک برقرار رہی ہو۔

مکین NYCHA کے سیلف-سروس پورٹل (Self-Service Portal) https://selfserve.nycha.info کے واسطے ایک عارضی توثیق (Interim Recertification) کو مکمل کرکے یا کوئی کاغذی فارم اپنے گھر کے پتہ پر بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کرنے کے لیے اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر کو کال کرکے کرایے میں کسی تخفیف کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا گھرانہ آمدنی کے مکمل نقصان کا سامنا کرتا ہے تو آپ NYCHA کی صفر آمدنی پالیسی (Zero Income Policy) کے لیے اہل ہو سکتے ہیں؛ برائے مہربانی اہلیت کے لیے ضروری انٹرویو میں شرکت کے لیے اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر کو کال کریں۔

ایک یاد دہانی کے طور پر، پبلک ہاؤسنگ کے مکینوں کے پاس کرایہ ادا کرنے کے آٹھ طریقے ہیں، جن میں بذریعہ میل، MyNYCHA، آن لائن، کسی آتھرائزڈ بینک یا کریڈٹ یونین میں، اور بذریعہ فون، وغیرہ شامل ہیں۔ مزید جاننے کے لیے on.nyc.gov/payrent ملاحظہ کریں۔

COVID-19 اور اتھارٹی پر اس کے اثرات پر نظر رکھنے، اور اپنے مکینوں اور ملازمین کی حفاظت اور صحت کو برقرار رکھنے کی خاطر اپنے حصّہ کا کام کرنے کے لیے NYCHA سٹی، ریاست اور وفاقی پارٹنروں کے قریبی رابطہ میں رہ کر کام کر رہی ہے۔ جیسے جیسے COVID-19 کے سلسلہ میں نئی معلومات دستیاب ہوں گی ہم لوگ آپ کو تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے۔ اگر آپ کے پاس کوئی سوالات یا تشویشات ہوں تو برائے مہربانی گاہک رابطہ مرکز (Customer Contact Centre, CCC) کو 718-707-7771 پر کال کریں۔

مزید معلومات کے لیے، NYCHA کی ویب سائٹ nyc.gov/nycha ملاحظہ کریں۔

آپ کے تعاون کے لیے آپ کا شکریہ۔